دیوان حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ

مع منظوم اردو ترجمہ

مترجم

الحاج عبد القادر قادری فدائی نیا بازار عیدگاہ روڈ دھنباد

عشق مستی و جنوں میرے مقدر ہی میں تھے
وقتِ پیدائش کے والد نے میرے کھولا تھا فال

حضرت پیران پیر دستگیر شیخ مُحی الدین
ابو محمد عبدالقادر شاہ جیلانی رح

Pdf, By Misken Mazhar Ali Khan

Cel No, 00966590510687

پیش لفظ

(از : ارشد فہمی عظیم آبادی)

منظور ہے گذارش احوال واقعی ☼ اپنا بیان حسن طبیعت نہیں مجھے

فی زمانہ کوئی نئی کتاب شائع کرنا جوئے شیر لانے کے مصداق ہے۔ قدم قدم پر رکاوٹیں دامن کش ہوتی ہیں۔ کتابت کی دروسری طباعت کی مشکلات اور کاغذ کی نایابی اور مہنگائی مل ملا کر ناشر کو بے دست و پا کر دیتی ہیں بہر حال کچھ ایسی ہستیاں بھی ہیں جو کسی بھی طوفان کو خاطر میں نہیں لاتیں۔ اور عزم بالجزم کے تحت ساحل تک جا پہنچتی ہیں۔ جناب الحاج عبدالقادر صاحب ساکن نیا بازار گدی محلہ دھنباد بھی ایسی شخصیتوں میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے بیک وقت دو بڑی اہم ذمہ داریاں اپنے سر لی ہیں۔ پہلی ذمہ داری تو یہ کہ انہوں نے حضرت پیران پیر دستگیر غوث الاعظم سبحانی سید محمد محی الدین ابو محمد شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کے گرانقدر فارسی دیوان کا منظوم اردو ترجمہ مرتب کیا۔ اور دوسری ذمہ داری یہ لی ہے کہ اسے خاصی رقم خرچ کر کے شائع کرنے جا رہے ہیں۔ اللہ انہیں اس مقصد عظیم میں کامیابی عطا فرمائے۔

میرے ذمہ بھی دو فرائض عائد کئے گئے ہیں۔ پہلا فرض تو مجھ پر یہ عائد کیا گیا کہ منظوم ترجمہ کی ساری خامیوں پر گہری نظر ڈال کر اصلاح کی جائے۔ اور دوسرا فرض میرے سر یہ رکھا گیا کہ اس کا پیش لفظ بھی میں تحریر کروں

میری اور حاجی صاحب کی ملاقات عجیب و غریب طریقہ سے ہوئی۔ میں ان سے پہلے کبھی نہیں ملا تھا۔ انہوں نے اپنا منظوم ترجمہ کئی بڑے شہروں میں باصلاحیت شخصیتوں کو دکھا کر اصلاح کی خواہش ظاہر کی۔ لیکن سبھوں نے اتنی بڑی ذمہ داری اپنے سر لینے سے انکار کر دیا۔ آخر میں انہوں نے اپنی مشکلات کا تذکرہ جناب محمد نعیم الحق صاحب ایڈوکیٹ دھنباد سے کیا۔ وہ ہمارے بزرگ اور قرابت دار ہیں۔ انہوں نے میرا نام اور پتہ ان کو لکھوا دیا۔ ایک فارسی غزل اور اس کا اردو منظوم ترجمہ حاجی صاحب نے میرے پاس ارسال کر کے اصلاح کی خواہش ظاہر کی میں نے اپنے طور پر اصلاح کر کے دونوں غزلیں واپس کر دیں۔ حاجی صاحب کو اصلاح جچ گئی۔ انہوں نے پٹنہ تشریف لا کر پورے دیوان کی اصلاح میرے ذمہ سونپ دی۔

میں عدیم الفرصت آدمی ہوں پھر بھی حضرت غوث پاک سے عقیدت کی بنا پر یہ ذمہ داری قبول کر لی محنت اور دماغی کاوش تو بہت لگی خدا کا شکر ہے کہ سارے ترجمہ پر میں گہری نظر ڈالی۔ معرفت اور تصوف کے نقطے بھی ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے منظوم ترجمہ کی فنی اصلاح کی طرف بھی توجہ رکھی گئی۔ اور حضرت غوث پاک کی دعا اور اللہ کی عنایت سے میں نے اپنا فرض پورا کر دیا۔ اور اب یہ کتاب شائع ہو کر قارئین کے ہاتھوں میں ہوگی۔ مجھے توقع ہے کہ پڑھنے والے الحاج عبدالقادر صاحب اور ان کے معاونین کو دعاؤں کی نوازش فرمائیں گے۔

وما علینا الا البلاغ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للّٰہ ھو الحامد و المحمود والصلوٰۃ علیٰ رسولہٖ محمد ھو المقصود والمودود

عرضِ حال

ایک مکمل زندگی کے متعلق سمجھنے اور سمجھانے کے دو طریقے مروج ہیں۔ تحریر و تقریر۔ اللہ کا شکر ہے کہ شاگنجین طریقت سے دونوں طرح کا سرمایہ کچھ نہ کچھ باقیات صالحات کے طور پر موجود ہے۔ اکابرین ملت کے غلام نسلاً بعد نسلاً جان سے زیادہ عزیز رکھ کر محفوظ رکھتے آئے ہیں خوبیٔ قسمت ہے۔ ایک نسخہ دیوان شریف کا بہت خستہ حالت میں اس حقیر کو بھی دستیاب ہو گیا۔ جو کہ ان دنوں بہت نایاب ہے۔ مجھے بھی بہت دنوں سے دیوان شریف دیکھنے کا شوق تھا۔ کچھ دنوں کے بعد دیوان شریف کو طبع کرانے کا خیال ہوا۔ پھر یہ بھی شوق ہوا کہ اگر اردو ترجمہ کے ساتھ طبع ہو تو اور بہتر ہوگا۔ لہٰذا کئی پروفیسر و مترجم و شعراء حضرات کو ترجمہ کیلئے توجہ دلائی مگر ہر طرف سے عدیم الفرصتی کے جواب سے محرومی و ناکامیابی ہوئی۔ مجبور ہو کر میں نے خود ہی ترجمہ کی طرف رجوع کی اس زمانہ میں اہل ذوق حضرات کو عام دشواری یہ ہے کہ بزرگوں کے تمام تصنیفات زبان فارسی میں ہیں۔ اس وقت فارسی زبان عام طور پر بولی و سمجھی جاتی تھی۔ اس کے برعکس اس وقت اردو بھی اپنی پرانی چادر کے گل و بوٹے میں تبدیلی پیدا کر رہی ہے۔ شاید یہ بھی زمانے کی مجبوری ہے۔ ایسے میں اہل ذوق اور اہل درد طبیعتیں بھی ہیں۔ جو کہ بڑی بے چینی سے یہ ضرورت محسوس کر رہی ہیں کہ جس طرح بھی ہو جس معیار کی زبان ہو؛ بہر حال بزرگوں کے ان قیمتی خزانوں کو زبان فارسی سے اردو میں جلد از جلد منتقل کر دینا چاہیئے۔ لہٰذا یہ بھی بزرگوں کے باطنی توجہ اور فیض کا کرشمہ ہے کہ اس خاکِ پا نے ترجمہ کی ہمت کی۔

مختصر حالات

حضرت پیران پیر دستگیر شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ

سیدنا و مولانا و مرشدنا حضرت غوث السبحانی محبوب ربانی شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے نام نامی اسم گرامی سے ہندوستان ہی نہیں بلکہ عالم اسلام کا بچہ بچہ واقف ہے۔ آپ کی ذات بابرکات دنیائے اسلام کے گوشہ گوشہ میں مثل آفتاب و ماہتاب کے تاباں و روشن ہے۔ آپ کی بزرگی حق و صداقت عوام و خواص سب کے لئے نمونۂ عمل بن گئی ہے۔ آپ کی ولادت باسعادت ٤٧٠ھ میں بمقام گیلان میں ہوئی۔ جو نواح طبرستان میں مشہور مقام ہے۔ آپ کا نام عبد القادر کنیت ابو محمد اور لقب محی الدین ہے۔ سلسلۂ نسب حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ بن سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ملتا ہے آپ کے والد ماجد کا نام حضرت ابو صالح جنگی دوست ہے۔ (جنگی دوست فارسی لفظ ہے) یعنی جنگ سے الفت رکھنے والا آپ کی والدہ ماجدہ کا نام فاطمہ کنیت ام الخیر اور لقب امتہ الجبار ہے۔ ابتدائی تعلیم وطن میں حاصل کی۔ قرآن شریف حفظ کیا۔ اور مروجہ دینی علوم کی تحصیل میں بڑے ذوق و شوق سے مصروف ہوئے اٹھارہ سال کی عمر میں علوم کی تکمیل کیلئے بغداد شریف کا قصد کیا۔ جو اس دور میں اسلامی علوم کا سب سے بڑا مرکز ہونے کے علاوہ دنیا میں علوم و فنون کا عظیم الشان گہوارہ تھا۔ علوم دینیہ کی تکمیل کے بعد آپ بغداد ہی میں مسند درس پر متمکن ہوئے ایک مدرسہ قایم کیا اور وعظ و نصیحت کی مجلس منعقد کرنا شروع کیں۔ جنمیں ہزاروں ہزار طالب علم شریک ہوتے تھے۔ آپ کے بیان میں ایسی دلکشی تھی کہ دوران تقریر میں شراب معرفت کا دریا امنڈ کر سامعین پر موتی نچھاور کرتا تھا۔ اور لوگ جام معرفت سے سرشار و بے خود ہو جایا کرتے تھے۔ ٥٢٣ھ میں آپ نے مدرسہ کیلئے وسیع عمارت تعمیر کرائی جس میں دور دراز سے ہزاروں طلبا درس میں شریک ہونے کے لئے آتے تھے۔ آپ کی تعلیم و تربیت و روحانی فیض سے بڑے بڑے علما و صلحا پیدا ہوئے جنہوں نے دین کی بڑی بڑی خدمتیں انجام دیں۔ آپ نے رشد و ہدایت کے لئے بیعت کا بھی سلسلہ جاری کیا۔ جس کی وجہ سے لاکھوں آدمیوں نے آپکے دست حق پرست پر بیعت کی ——— اکثر حضرات ولی قطب اور صاحب کرامت ہوئے۔ فضل خدا سے یہ سلسلہ رشد و ہدایت کا تا قیامت دائم و قائم رہے گا۔

تصانیف و تالیف

حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے اوقات کا زیادہ حصہ درس تدریس، وعظ نصیحت میں صرف ہوتا تھا۔ تاہم آپ نے معرفت و راہ سلوک کی سودمند کتابیں بھی تصنیف فرمائیں۔ آپکی تصنیف غنیۃ الطالبین تصوف و سلوک کے اسرار و غوامض میں مشہور و مستند کتاب ہے۔ آپ کی دوسری کتاب فتوح الغیب ہے جو اول الذکر سے مختصر ہے۔ یہ بھی تصوف پر ایک بہترین تصنیف ہے۔ آپ عربی اور فارسی زبانوں میں شعر کہا کرتے تھے آپ کی متفرق تصانیف اشعار و قصائد میں ہیں جو کہ عالم اسلام میں بہت مشہور و مقبول ہیں پیش نظر دیوان شریف آپ ہی سے منسلک اور منسوب ہے۔

آپ کی وفات

حضرت شیخ کی عمر کا بڑا حصہ شہر بغداد میں گذرا۔ آپ اسی بغداد شہر میں بتاریخ ۱۰ ربیع الثانی ۵۶۱ھ بروز شنبہ بوقت شب وفات پائی سارا شہر بغداد جنازہ میں شرکت کیلئے امنڈ آیا کثرت ہجوم کے باعث دوسرے روز شب میں تجہیز و تکفین سے فراغت ہوئی۔ نماز جنازہ آپکے صاحبزادہ مولانا عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ نے پڑھائی۔ آپکو اپنے مدرسہ کے اندر سپرد خاک کیا گیا جو بغداد کے محلہ حلبہ میں واقع ہے۔ آجتک مزار مبارک زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ آپ کی محبت اور عقیدت و عظمت عام مسلمانوں کے دلوں میں اسقدر حلول کر گئی ہے کہ آپکی تاریخ وفات پر ہر ملک میں خصوصاً ہندوستان میں گیارھویں شریف کے نام سے مشہور ہے آپکی کرامتیں بے حد و حساب ہیں۔ جو کہ بیان و تحریر میں نہیں آسکتیں۔

وما علینا الا البلاغ

شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را

بحمداللہ مجھے یہ احساس ہے کہ ترجمہ کرنا بڑا اہم و دشوار کام ہے ۔ اور یہ معلوم ہے کہ ایک عبارت کا ترجمہ کن خصوصیات کے بعد ترجمہ کیے جانے کے لائق ہوتا ہے ؟ اصل عبارت سامنے رکھ کر اپنے علم و فہم اور فکر و فراست کے تحت روزمرہ کی اردو میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اور ترجمہ جو بھی کرے فہم و فکر کی کمی بیشی اور رشتے ہے پھر بھی مترجم کے ترجمہ کو ترجمہ ہی کہنا ہے ۔ جو حضرات فارسی میں دیکھنے کے اہل ہیں ۔ انہیں تو اصل شعری حظ کامل بخشے گا ۔ فارسی غزلوں کا ترجمہ اردو غزلوں میں قافیہ ردیف و تذکیر و تانیث کی بندش میں معنیٰ و مفہوم کو شعروں میں لانا کتنا مشکل و دشوار ہے ۔ اہل علم و شاعر حضرات ان دشواریوں کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں ۔ یہ ضرور ہے کہ ہر شعر کے مفہوم کو پہونچنا مشکل امر ہے ۔ اشعار کے اندر معرفت کی راہوں کے اور بھی پوشیدہ مفہوم بھی ہو سکتے ہیں ۔ یہ تو محبت و عقیدت اور نام کی نسبت ہے ۔ جو مجھ بے مایہ سے حضور نے ترجمہ کی خدمت لے لی ورنہ کہاں میں اور کہاں یہ دیوان شریف کا ترجمہ اپنے محترم ناظرین کی خدمت میں اس استدعا کے ساتھ پیش کر رہا ہوں کہ مطالعہ سے اگر محظوظ ہوں اور خوشی حاصل ہو تو اس خاک پا کو مغفرت کی دعا سے نوازیں ۔ ناظرین سے مودبانہ درخواست ہے کہ اس ایڈیشن میں کتابت طباعت و املا کی غلطیوں کی نشاندہی کی جائے تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ان کا ازالہ کر دیا جائے ۔

خداوند قدوس کا ہزار ہزار شکر ہے کہ جناب ارشد فہمی مدظلہٗ العالی عظیم آبادی پٹنہ نے اپنا قیمتی وقت دے کر نظرثانی فرمائی جس کا تہہ دل سے شکرگذار ہوں ۔

 بار اول مع منظوم اردو ترجمہ ۔ مئی سنہ ۱۹۷۹ء

خاک پائے محبوبان ۔ الحاج عبدالقادر فدائی ۔۔۔
نیا بازار عیدگاہ روڈ دھنباد ۔ ضلع دھنباد ۔ بہار

قیمت ۔۔۔ ۱۲ روپیہ

بجہت آسانی عذاب گور بعد از نماز صبح نو مرتبہ پڑھیں

(۱)

بے حجابانہ در آ از درِ کاشانۂ ما | کہ کسے نیست بجز درد تو در خانۂ ما
گر بیائی بسرِ تربت ویرانۂ ما | بینی از خون جگر آب شدہ خانۂ ما
فتنہ انگیز مشو کاکلِ مشکیں مکشای | تاب زنجیر ندارد دلِ دیوانۂ ما
مرغ باغِ ملکوتیم دریں دیر خراب | می شود نور تجلاّے خدا دانۂ ما
با احد در لحدِ تنگ بگوئیم کہ دوست | آشنائیم توئی غیر تو بیگانۂ ما
گر نکیر آید و پرسد کہ بگو ربِّ تو کیست | گوئیم آنکس کہ ربود ایں دلِ دیوانۂ ما
منکرِ نعرۂ ما کو بما عربدہ کرد | تا بہ محشر شنود نعرۂ مستانۂ ما
شکر للہ کہ نمردیم و رسیدیم بدوست | آفریں باد بریں ہمتِ مردانۂ ما

محی بر شمع تجلائے جمالش می سوخت
دوست میگفت زہے ہمتِ مردانۂ ما

بجہت حصول دیدار حق سبحانہٗ تعالیٰ ہر روز سات بار ورد زبانہ پڑھیں

(۲)

اے بلبلِ شوریدہ دیوانہ توئی یا ما　　جویای رُخِ خوبی جانانہ توئی یا ما

تو عاشقِ گلزاری من عاشقِ دیدارم　　در دردِ فراقِ او مردانہ توئی یا ما

تو در قفسی و ما در خلوتِ خود تنہا　　اے گوشہ نشیں مستِ دیوانہ توئی یا ما

در فصلِ بہاری از عشق جمالِ وی　　با نعرۂ و فریادی مستانہ توئی یا ما

عشقِ تو بما بلبل اندر رگ و پی رفتہ　　آں بادۂ کو آنرا پیمانہ توئی یا ما

تو چوں گل و ما جز دوست چیزے نمی بینیم　　از غیر حبیبِ خویش بیگانہ توئی یا ما

تو زخم خوری از خارِ ما را بکشد بردار　　آیا بزباں خلقِ افسانہ توئی یا ما

تو عاشق و ما عاشق دم درکش و حاضر باش　　ورنہ بخدا امروز در خانہ توئی یا ما

گویند کہ گنجی ہست اندر دلِ ہر مست　　از بہر چنیں گنجی دیوانہ توئی یا ما

محیؔ بہ گلستاں شد با بلبلِ نالاں گفت

کای بلبلِ نالندہ جانانہ توئی یا ما

(۲)

اے بلبلِ شوریدہ دیوانہ تو ہے یا مَیں　　جویائے رُخِ روشن جانانہ تو ہے یا مَیں

گلزار کا عاشق تو مَیں دید کا طالب ہوں　　اب اُسکی جدائی میں دیوانہ تو ہے یا مَیں

تو اپنے قفس میں ہے خلوتیں ہوں مَیں تنہا　　اے گوشہ نشیں سمجھا' دیوانہ تو ہے یا مَیں

تو حُسن کا عاشق ہے دیوانہ بہاروں میں　　گر یہ کبھی نعرہ زن مستانہ تو ہے یا مَیں

اب عشق ترا بلبل ہے میری رگ و پے میں　　اس بادۂ الفت کا پیمانہ تو ہے یا مَیں

تو پھول کا شیدائی میں دوست کا دیوانہ　　پھر دوست سے اے بلبل بیگانہ تو ہے یا مَیں

تو خار سے زخمی ہے میں دار پہ کھینچتا ہوں　　دنیا کی زباں پر اب افسانہ تو ہے یا مَیں

عاشق ہے تو مَیں شیدا جاں دینے کو حاضر ہوں　　اس خانۂ ہستی میں دیوانہ تو ہے یا مَیں

کہتے ہیں خزانہ ہے ہر مست کے سینے میں　　پھر ایسے خزانے کا دیوانہ تو ہے یا مَیں

محؔی نے یہ پوچھا جب اِک بلبلِ نالاں سے
اے گریہ کناں بلبل جانانہ تو ہے یا مَیں

بجہت حصول دیدار سبحانہ تعالیٰ ہر روز سات بار پڑھیں

(۳)

از غمِ عشقِ تو زاں بگذشت کارِ دل مرا — کز نہایت کم شود یک لحظہ کارِ دل مرا

خارِ غم از گشت گلشن کز غمِ تو ہر زماں — بشگفد صد گونہ گُل از خار خارِ دل مرا

بر دلم یاری حوالت کن غم و اندوہ خود — چوں تواں کردن کہ کردی غمگسارِ دل مرا

ماہیٔ کو بر کنار افتد زِ دریا چوں بود — ہمچناں باشد بلا دور از کنارِ دل مرا

آنکہ روزم شد سیہ باشد زِ بے صبریٔ دل — تیرہ تر باد از روزم روزگارِ دل مرا

باز آمد روزِ ہجراں نالہ کن یاری زِ دل — چوں تو بودی در فراقِ یار یارِ دل مرا

چند چوں مجیؔ کشد دل در رہِ تو انتظار

سوخت ہم چوں سایہ بر رہ انتظارِ دل مرا

(۳)

عشق کے غم میں رہا کرتا ہے مضطر دل مرا
رہ گیا ہے یاد میں تیری مچل کر دل مرا

سیرِ گلشن سے ہوں فارغ تیرے غم میں ہر گھڑی
خار تھا لیکن بنا ہے اب گلِ تر دل مرا

میرے دل کو کر عطا اپنا غم و اندوہ تو
جبکہ غم سے بھر دیا ہے یہ منوّر دل مرا

موج دریا سے کنارے جسطرح ہوں مچھلیاں
دور کر دے تو بلا سے اب دلِ مضطر مرا

ابر جس دن دل پہ چھایا بڑھ گیا اور اضطراب
تیرہ تر ہوتا ہے اُس دن چوٹ کھا کر دل مرا

ہجر میں جس دن ہوا کرتا ہوں نالہ زن کبھی
تیری فرقت خود ہی بہلاتی ہے بڑھکر دل مرا

کب سے محیؔ کر رہا ہے راہِ دل میں انتظار
جل رہا ہے اک چراغِ عشق بنکر دل مرا

۱۲۸۶
۹۲

برائے حصول جمیعت ہر روز سات مرتبہ پڑھئیں

(۴)

گر نداری آرزوئے وصلِ جاناں جاں مرا — زندگی بگذاشتی بے اُو غمِ ہجراں مرا

سروِ من آغشتہ در اشکِ جگر گونِ منست — فارغم گر باغیاں نگذاشت در بستاں مرا

حالِ من چوں پیرِ کنعاں شد کنوں چوں بنیت — بسکہ آمد سیل اشک از دیدۂ گریاں مرا

جامۂ جاں چاک شد در وادیٔ عشق وہنوز — ہر طرف صد خار غم بگرفت در داماں مرا

ہم چو من یارب کہ کردی بے نصیب از وصلِ یار — اے کہ درانداختی از صحبتِ جاناں مرا

اینکہ با مردم مدارا می کنم از بہرِ تست — ورنہ کے پرواہ بود از قولِ بدگویاں مرا

نیست فرقِ درمیانِ شخصِ من تا سایہ ام — بسکہ در آتش فگندہ ایں دلِ سوزاں مرا

گلخن و فرشِ من از خاکسترست

تا کہ چوں محی بخوانی بے سر و ساماں مرا

(۴)

آرزوئے وصل ہے اک دردِ بے پایاں مرا   کون سمجھے گا یہاں آخر غمِ ہجراں مرا

رنگِ گُل سے بھی نمایاں اشک میرا ہو چلا   کیا تعجب ہے کہ پکڑے باغباں داماں مرا

مثلِ یعقوب اب ہوا ہے حال آنکھوں کا مرے   خوں چکا کیونکر نہ ہو یہ دیدۂ گریاں مرا

روح کا دامن ہوا ہے چاک دشتِ عشق میں   سیکڑوں ہیں خارِ غم تھامے ہوئے داماں مرا

وصل سے محروم جب رکھا گیا یارب مجھے   تشنۂ تکمیل اب کیوں کر نہ ہو ارماں مرا

میں تواضع آدمی کا کرتا ہوں تیرے لئے   کب ہے پرواہ کیا بگاڑینگے یہ بدگویاں مرا

آدمی جب مثل سایہ ہے تو پھر سایہ ہوں مَیں   ہر نَفَس آتش فشاں ہے یہ دلِ سوزاں مرا

خاک جل کر ہو گیا ہے، صحن و گلشن فرش و گھر

تا کہے تو کہ مٹّی ہے بے سر و ساماں مرا

برائے نصیب شراب طہور ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

۵

بارِ دگر صبحِ سعادت می دمید　　زانکہ صبّاح ست کنونِ شام ما

زاں مئے قتّال کہ دارد خدا　　از دلِ شب ریختہ در جام ما

باز مئے عشقِ لبیئی خوردہ ایم　　چہ شود خواجہ سرِ انجام ما

ہیچ بلائے نام زد خلقِ منست　　تا سرِ دفتر نبودِ نام ما

از دلِ ہر روزہ ما بشنوند　　زمزمہ عشقِ دلِ آرام ما

تا ابد اے دوست حلاوت می دہد　　چاشنئی درد تو در کام ما

عاشقِ دیوانۂ مستیم ازاں　　درد پیاپے می رسد انعام ما

از شرارِ مشعلۂ عشق دوست　　سوختہ شد ظاہرِ اسلام ما

خوارئ خلقاں جہانِ می کشم　　تا کرم مولا کند اکرام ما

محیؔ محبوبِ نظر کردہ و گفت

باز برآمد قمر از بام ما

ردیف الف میں گیارہ غزلیں

آخری غزل - غمِ جانانۂ ہر دم جہانرا
گر فتم ایں دل و دادیم جانرا

(۵)

بارِ دیگر صبح کا پیغام ہے　　یہ سحر بھی میری خاطر شام ہے

جو مئے قاتل خدا کے پاس ہے　　اُس سے اب لبریز دل کا جام ہے

بے سعی پی ہے محبّت کی شراب　　جانتا ہوں جو مرا انجام ہے

میری خاطر اب نہیں کوئی بلا　　مَیں ہوں دفتر میں نہ میرا نام ہے

میرے دل سے لوگ سنتے ہیں جسے　　نغمۂ عشقِ دلِ ناکام ہے

حشر تک دیگا حلاوت پیار کی　　تیرا بخشا درد خوش انجام ہے

عاشقِ دیوانہ و مستانہ ہوں　　دردِ دل میرے لئے انعام ہے

عشق کا شُعلہ جو بھڑکا ظاہراً　　سوختہ تراب مرا اسلام ہے

خلق میں رسوا ہوں مَیں تو کیا ہوا　　تیری رحمت ہی مرا انعام ہے

دیکھ کر محبوب کو بولے محیؔ
چاند نکلا اور روشن بام ہے

بجہت حصول یابی استقامت بر اسلام ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھیں

(۶)

من ہم چو آزر از بروں بت میتراشم روز و شب
وز اندروں ہم چوں خلیل اللہ گویم ایں عجب

در بتکدہ با ایں بتاں با آنکہ ہستم ہم عناں
نورِ خدا بینم عیاں حیران اویم روز و شب

بشنو تو ہاؤ ہوے من بنگر تو رنگ و بوے من
بشگاف یک یک موے من نے بیں تو در وے روز و شب

آں سروِ بالا کیست آں کز وصفِ او لال است زباں
در عشق او دیوانہ شد ہم ترک و تاجیک و عرب

ہر گہہ کہ سلطانِ جہاں خواہد کہ بیند روئے خود
از لولیانِ مملکت آئینہ میدارد طلب

وقتِ تجلیٔ خدا در رقص آمد کوہِ طور
اندر دلِ سنگین سنگ از بسکہ پیدا شد طرب

در محفلِ جنت بتو حق می دہد جامِ طہور
نے بادہ دارد رنگ و بو نہ جام دارد کیف لب

من عاشقِ خود خواندمت نزدیک خود بنشاندمت
جز فضلِ بے پایانِ من ایں را ندانی تو سبب

اشتر کہ بینی مست شد بر دروازہ عجم خود
در غایتِ مستی برو سر بر سوئے کوہِ طرب

او معصیت را از کرم طاعت کند در روز حشر
رحمت کند بر عاصیٔ کو شد سزاوارِ غضب

آں یوسفِ کنعاں عجب گر نیست در بازارِ مصر
کیں جملۂ بازاریاں دارند فریاد و شغف

محی چراغِ روشن است اندر دلت از نورِ حق
نے کوکب و دُر نیست چوں دل نہ قندیلِ حلب

(۶)

مثلِ آزر بُت گری کرتا ہوں پیہم روز شب — مثلِ ابراہیم یہ محسوس ہوتا ہے عجب

اِس بتکدہ میں ان بتوں کے ساتھ پیہم مست ہوں — اُن سے عیاں نورِ خدا میں دیکھتا ہوں روز شب

اب حُسن تو میرا ہادی ہوا اب دیکھ میرا رنگ و بو — ہر بال میں ہے تو ہی تو، تو دیکھتا ہے روز شب

وہ سروِ بالا کون ہے کرتے ہیں سب جسکی ثنا — جسکے لئے دیوانہ ہیں تُرک و عجم جیک و عرب

جب بھی مشیّت چاہتی ہے حُسن اپنا دیکھنا — کرتی ہے ذرّۂ مملکت سے آئینہ روشن طلب

جس دم تجلّیِ خدا رقصاں تھی کوہِ طور پر — پتھر کے سنگیں دل میں بھی پیدا ہوا کیف و طرب

جنّت میں جب دیگا تجھے مولا ترا جامِ طہور — صہبا ہوگی بے مزہ ہر جام ہوگا بے طرب

مَیں خود پہ عاشق ہوں مرے نزدیک خود بیٹھا ہے وہ — اس فضلِ بے پایاں کا اب جانیگا کوئی کیا سبب

وہ اونٹ دیکھو مست ہے اک بوجھ لیکر پیٹھ پر — کس غایتِ مستی میں بڑھتا ہے سوئے کوہِ حطب

بدلے گناہوں کو کرم میں بندگی سے روزِ حشر — عاصی پہ رحمت کی نظر گو ہے سزاوارِ غضب

وہ یوسفِ ؑ کنعاں نہیں اب مصر کے بازار میں — پھر بھی خریداروں میں ہے اک شورِ فریاد و شغف

روشن ہے تجھی شمعِ حق دل نور سے معمور ہے

انجم نہیں موتی نہیں دل میں نہ قندیلِ حلب

بہت قبول توبہ ہونے بارگاہ تعالےٰ ہر روز اکیس مرتبہ پڑھیں

(۷)

بندۂ گر بنگ خوردی در شراب
توبہ کن آمرزمت بے پیچ تاب

گر خطا کردی بگو بد کردہ ام
تا کنم جملہ خطا را من ثواب

کے حساب آں گدا کردست شاہ
کو خورد در مطبخ شہ نان و آب

بندۂ مائی و اندر شرع ما
بندہ ہر چہ کرد بر خواجہ است خواب

خصم دامن گیر را راضی کنم
روز حشر از تو دہم برادثواب

در دلِ شب تا کہ گوئی اے خدا
من ترا بیدار می سازم زخواب

چوں ترا سلطاں گرفت اندر پناہ
غم نخوار از ہیچ ملک از انقلاب

ما ترا از بسکہ میداریم دوست
دارمت از عشق خود دائم خراب

از عذابم چند ترسائی مگوی
دوست ہرگز دوست را کردہ عذاب

تا کہ حسن و ناز با ما کم اے کنے
گاہ گاہے میکنم بر تو عتاب

وقف روئے تست ایں دیدار من
وقف ذرہ کردہ ام من آفتاب

تو ز دوزخ ترسی و دوزخ زمن
بس مکن از ترس و دوزخ اضطراب

در جہنم گر روی من گو ہمش
تا ز تو نے سیخ سوز دنے کباب

من کنم آمیں دعا ہائے ترا
من دعا ہائے تو سازم مستجاب

محی را آندم کہ آمرزیدہ ام
ہیچ موجودے بنود از ہیچ باب

۷

پی لی تو نے گر مرے بندے شراب — توبہ کر بخشوں گا میں بے پیچ تاب

گر خطا ہو کچھ بُرا میں نے کیا — تا گنا ہوں کو بنا دوں مَیں ثواب

شاہ کیا رکھے فقیروں کا حساب — لاکھ اس کے گھر سے کھاؤ نان آب

تُو تو میرے حکم کا اک بندہ ہے — بندہ کے اعمال ہیں خواجہ کو خوب

تھام کر دامن خدا کو خوش کروں — حشر کے دن تجھ کو دوں اسکا ثواب

تا کہے دل میں تو شب کو اے خدا — جب جگاؤں نیند سے تجھکو شتاب

جب تو ہے سلطان کے زیرِ اماں — غم نہ کر جو کچھ کبھی آئے انقلاب

جب کہ رکھتا ہوں ہمیشہ تجھ کو دوست — عشق میں تیرے مَیں خود ہی ہوں خراب

کیوں عذابوں سے مرے ڈرتا ہے تو — دوست پر کب دوست کرتا ہے عذاب

تا نہ ہو نازاں تو میرے حُسن پر — گاہِ گاہِ تجھ پہ کرتا ہوں عتاب

وقف میرا حُسن ہے تیرے لئے — جیسے ذرّوں کے لئے ہے آفتاب

تو نہ ڈر دوزخ سے دوزخ ہے مرا — خوف دوزخ سے نہ رکھ تو اضطراب

تو جہنّم میں بھی ہو گر تو مَیں کہوں — وہ جلا سکتی نہیں مثلِ کباب

کہتا ہوں آمیں دعاؤں پر ترے — مَیں ہی کرتا ہوں دعائیں مستجاب

مُحیؔ کو اُس دم سے ہے بخشا گیا
جب دو عالم میں نہ تھا کچھ آب و تاب

بجہت حصول مقاصد دینی ہر روز سات بار پڑھیں

(۸)

از جمالِ لایزالی بر نداری گر نقاب — عاشقانِ لااُبالی ہمانند دل کباب

صد جنّت گر بود دیدست در قعرِ جحیم — خیمہ ہائے عاشقاں بنی طناب اندر طناب

قاصرات الطرف علیٰ باشند حورانِ بہشت — ہر کہ شد کوتہ نظر گو سوئے ایشاں می شتاب

عاشقاں نے حور خواہند نے بہشت از بہرِ آں — فارغند از کتخدائی خانماں کردہ خراب

پردۂ محشر بدارند عاشقاں چوں از لحد — سر برارند با دلِ پر آتش و چشمِ پُر آب

با دلِ مجروح میگریند دمی گویند کو — آنکہ کردہ وعدۂ دیدار خود روزِ حساب

بے تماشائے جمالت محیؔ گوید روزِ حشر
در صفِ بیگانگاں یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَابًا

(۸)

حُسن پروائے لاابالی رکھتا نہیں تو گر نقاب
لا اُبالی عاشقوں کا دل ہوا رہتا کباب

مالکِ جنّت اگر ہو قعرِ دوزخ میں پڑا
عاشقوں کے خیمہ کو دیکھے طناب اندر طناب

پاک نیک و باحیا حورانِ جنّت چھوڑ کر
جو ہوا کو تہہ نظر وہ حق سے ہٹتا ہے شتاب

عاشقوں کو حور کی خواہش نہ جنّت کی طلب
کتخدائی سے ہیں فارغ گھر ہوا جنکا خراب

چاک کر کے پردۂ محشر لحد سے اٹھتے ہیں
رکھتے ہیں وہ عشق سوزاں چشم گریاں دل کباب

زخم خوردہ دل لئے روتے ہیں اور کہتے ہیں یہ
وعدۂ دیدار ہے اس نے کیا روزِ حساب

بے تماشہ حشر میں گر حُسنِ محیؔ ہو اگر
صف میں یغروں کے کہے یالیتنی کنت تراب

۴۸۶
۹۲

بجہت وصل باری تعالےٰ ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

۹

گر تماشائے جمالِ گر بنا شد در بہشت — بر کنند مستان حضرت قصر ہا را خشت خشت

حق تعالیٰ چوں دہد بر بندگاں جامِ طہور — کاسہ بستانیم و با آں کاسہ دہ خوانیم ہشت

بر درختِ دل امیدِ وصل تو کردیم وصل — در دو عالم غیر ازیں ما را نباشد ہیچ کشت

یک سرِ موئے نباشد خالی از سودائے دوست — در سرِ ایں سوداست ما را تا نباشد سرنوشت

آنکہ شد سر رشتۂ بختِ ہمہ در قبلہ اَش — تا گلیمِ بخت ما را از کدامی نیک و زشت

تا نہ بینیم دوست را ایں حُلّۂ پوشم سیاہ — از میانِ حُلّہ ہائے رنگ رنگ اہلِ بہشت

از سجودِ بُت مرا کافر مگو دیوانہ ام — سجدہ می کردم ندانستم کہ کعبہ ست یا کنشت

چوں رود از پیش چشمِ عاشقاں مجنوں دوست — زانکہ از لایعقلیئے مجنونِ ما اند خوب و زشت

کے مشامِ جان مشتاقاں معطر می شود — گر نباشد بوئے او در جنتِ عنبر سرشت

محیؔ می گفت آہ من چارہ چہ سازم چہ کنم

دل برفتہ در بلائے عشق او جاں را بہشت

۹

جلوۂ حق کا تماشہ ہو نہ جنت میں اگر — کھود دیں مستان حضرت قصر کے دیوار و در

حق تعالیٰ جبکہ دیں بندوں کو خود جامِ طہور — جام ہیں کونین کو دیکھے وہ بندہ خوش نظر

شاخِ دل پہ نقش ہے میرے امیدِ وصلِ یار — کوئی بھی کھیتی نہیں اسکے سوا میری دگر

بال کا اک سر کوئی خالی نہیں سودائے لب — میری قسمت میں لکھا ہے میرا یہ سودائے سر

جب ازل سے ساری باتیں ہیں مقدر میں لکھی — پھر یہ نیک و بد پہ کمبل پوشوں کی ہے کیوں نظر

دوست کو جبتک نہ دیکھوں حلہ پہر دونگا سیاہ — اور اس حلہ پہ ہوگا نقش فردوسِ نظر

سجدۂ بت سے مجھے کافر نہ کہہ دیوانہ ہوں — مجھکو ہے سجدہ سے مطلب کعبہ ہو یا بت کا در

عاشقوں کے سامنے جب بھی گیا مجنوں دوست — نا سمجھ مجنوں کو اچھے اور برے کی کیا خبر

کب مشامِ جاں معطر عاشقوں کا ہو سکے — جنت الفردوس میں اسکی نہ خوشبو ہو اگر

محی کہتا ہے کہ میں تدبیر آخر کیا کروں

دل اسیرِ دامِ الفت روح اس کی منتظر

بجہتِ توجہ باری تعالیٰ و قرب ہر روز اکیس بار پڑھیں اگر موقعہ ہو تو تین سو ساٹھ بار پڑھیں

(۱۰)

سیصد و شصت نظر را تبۂ بندۂ ماست
بندہ را مرتبہ بنگر زِ کجا تا بہ کجا ست

بے وفائی مکن و از درِ ما دور مشو
زانکہ ما را از ازل تا بہ ابد با تو صفا ست

روئے ناشستۂ پر کیں شدہ از چرک گناہ
آب گرمی کہ از و شستہ شود رحمتِ ماست

ہم بدستِ تو دہم نامۂ تو روز حساب
تا نداند کسِ دیگر کہ دریں نامہ چہا ست

یک نکوئی ترا دہ من بدہم در دنیا
باز در آخرت آں ہفصد و ہفتاد ترا ست

گر بدی از تو بر آید بہ کرم عفوِ کنم
ایں چنیں لطف و کرم غیرِ منِ بندہ کرا ست

نار دوزخ چہ کند یا تو چرا ترسی از و
ظاہر و باطن و تو چوں ہمہ از نورِ خدا ست

ہر چہ خواہی بطلب تو زِ من و شرم مدار
بر منِ اے بندہ اجابت بوَد بر تو دعا ست

تو زِ من جیزِ ر شیر و نمک و دیگ بخواہ
من وکیلِ تو ام از من بطلب ہر چہ سزا ست

من عطا کردہ ام ایمان عطا کردۂ خویش
کے ستانم زِ گدائی کہ برو صدقہ روا ست

با تو ام من ہمہ جا ترس تو از شیطاں چیست
چہ نیا ہت منم ابلیس بیا کو کہ صدا ست

بیوفائی ہمہ از جانبِ تست اے محیؔ
ورنہ از ماکہ خدائیم ہمہ مہر و وفا ست

(۱۰)

مَیں تجھے اے بندہ دیکھوں تین سو اور ساٹھ بار
دیکھ اے بندہ کہاں پہونچا ہے تیرا مرتبہ

بیوفائی تو نہ کر اور جا نہ میرے در سے دور
ساتھ ہوں تیرے ازل سے تا ابد میں برملا

جب گناہوں کا ترے چہرے پہ ہو گرد و غبار
گرم پانی سے مری رحمت دھلائے مُنہہ ترا

نامۂ اعمال دوں گا ہاتھ میں اُس دن ترے
تا نہ سمجھے حشر میں کوئی ہے اس میں کیا لکھا

ایک نیکی کے عوض دیتا ہوں دس دنیا میں مَیں
آخرت میں سات سو ستّر کرونگا پھر عطا

گر بدی تجھ سے ہوئی بخشوں گا بیشک میں تجھے
کوئی بھی لطف و کرم کرتا نہیں میرے سوا

نارِ دوزخ کیا کریگی کیوں پڑا ہے خوف میں
ظاہر و باطن پہ چھایا ہے ترے نورِ خدا

تو جو چاہے کر طلب مجھ سے نہ کر شرم و حیا
مانگ اے بندہ میں پہونچا دوں اجابت تک دعا

گر تو چاہے مجھ سے لکڑی دودھ اور دیگ و نمک
مَیں وکالت میں ہوں تیری جو بھی چاہے کر دعا

خاص بخشش سے تجھے ایمان کرتا ہوں عطا
لے لے تُو گر ہے فقیروں کے لئے صدقہ ردا

ساتھ ہوں مَیں جب ترے پھر خوف کیا ابلیس کا
تُو حفاظت میں ہے میری کیا کرے گا وہ برا

بیوفائی تیری ہی جانب سے سب ہے اے محیؔ
ورنہ مَیں تو ہوں خدا لطف و کرم سر تا بپا

بجہت مغفرت گناہان ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

(۱۱)

ناشستہ ترا رویت نے آب ترا نے دست
نے ہیچ کسِ جز حق شوئیندۂ رویت ہست

جامِ مئے عشقِ حق در کش تو اگر مردی
تا مست خرامیری در گور ردی سر مست

ہر صوفیؔ و صافی کو بود ست ریاضت کش
او ز لۂ مردانہ از خوان جہاں بربست

یوسف کہ برادر را بد نامِ مئے دزدی داد
در خلوتِ خاصِ خود باد چہ سبب بنشست

بر بستہ دگر باشد و رستہ دگر اے دوست
بر رستہ کسِ باشد کو دوست بدو پیوست

تا عقل مصاحب شد با دل غم و محنت دید
ہم صحبتِ عشقش شد از جملۂ غمہا رست

سر تا بقدم محیؔ پیوستہ جراحت ہست
چوں در ہمہ عمرِ او یک روز نہ بند دست

(۱۱)

جب دھوئیں ترے رُخ کو نہ ہاتھ نہ پانی ہو ۔۔۔ واں ہو نہ کوئی دیگر دھوئے ترا منہہ یزداں

جامِ مئے الفت کو ہمت ہے تو تو پی لے ۔۔۔ مستِ مئے حق ہو کر جا قبر میں تو شاداں

سب صوفی و صافی جب ہوتے ہیں ریاضت کش ۔۔۔ ہوتا ہے اُنہیں حاصل ہر لطفِ دو ریزداں

جب بھائی نے یوسف کو چوری کی دی بدنامی ۔۔۔ خلوت میں کہا مجھکو بتلاؤ مرا عصیاں

گر اس سے ہو وابستہ جو حق سے ہو پیوستہ ۔۔۔ وہ راہ پہ ہوتا ہے جو دوست میں ہو پنہاں

جب عقل ہو ہم صحبت ملتا ہے غم و حسرت ۔۔۔ گر عشق ہو ہم صحبت ہو مشکلیں سب آساں

سرتا بہ قدم محیؔ زخمی نظر آتا ہے

اِس عمر میں اکدن بھی دیکھا نہ کبھی زنداں

توبہ قبول ہونے بدرگاہِ باری تعالیٰ ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

(۱۲)

عَمَلِ من ہمہ عمر از چہ خطا افتادست — چہ غمت چوں سرِ دکارم بخدا افتادست

بچنیں دست تہی وصل خلامی طلبم — تو بمن گو کہ چنیں کار کرا افتا دست

خَجَلَم تابقیامت چہ بگویم ھیہات — کہ میانِ مرج تو دست چہا افتا دست

نَظَرم جُز بہ کمالِ کَرَمِ حق نبود — ہمہ کارِ ہمہ عمر از چہ خطا افتادست

تو بمن لطف و کرم کردہ کہ تنہا ئیئے دوست — کرمت بخش ہمہ کس ہمہ جا افتا دست

نَظَرِ کن بعنایت کہ دریں آخر عمر — سوئے ایں بندہ کہ در عین بلا افتادست

تو بمن از خوف بگو تو و مکن نومیدم — کہ از و بخش گنہگار رجا افتا دست

بتو در کُنجِ لحد گفت خدا از سرِ لطف — کہ بگو روئے بتو خاک چرا افتا دست

برزمینِ دلِ ہر کس بنشاندہ تُخمے — برزمینِ دلِ ما تخم دفا افتا دست

بخدا از نَظَرِ تحیّ تو پیوستہ دلت

طالبِ فقر و محبّت فقرا افتا دست

۷۸۶
۹۲

(۱۴)

کیا مری عمر میں ہر کام ہے تقصیر نما — غم ہے کیا جبکہ سرو کار خدا سے ہی پڑا

مفلسی میں بھی طلب وصل خدا رکھتا ہوں — مجھ سے کہہ کون سا ہے کام ترا رب سے پڑا

کیا کہوں حشر کے دن شرم ہے مجھکو افسوس — واسطہ جب ہے مرا دوست کی الفت سے پڑا

جب مرے حال پہ بجز نظر کرم کچھ بھی نہیں — کیا مری عمر کا سب کام خطا سے ہے پڑا

ہے کرم مجھ پہ جو تیرا، کہ ہے تو تنہا دوست — واسطہ تیرے کرم اور گنہ سے ہے پڑا

نظرِ لطف و کرم کر کہ ہے اب آخر عمر — تیرا یہ بندۂ ناچیز بلا میں ہے پڑا

دے مجھے خوف مگر مجھکو نا امید نہ کر — یہ گنہگار تو امید عفو میں ہے پڑا

دیکھ کر کنج لحد میں تجھے، حق نے یہ کہا — کیوں تری قبر پہ ہے خاک کا انبار پڑا

ہر کوئی بیج نہیں بوتا زمینِ دل پر — کِشت دل میں ہے مری بیج وفاؤں کا پڑا

بخدا تیری نظر دل میں محی کے ہے بھی
اس لئے عشق میں ہر دم فقرا کے ہے پڑا

بجہت مغفرت گناہان ہر روز سات مرتبہ پڑھیں۔ اگر تین سو مرتبہ تو بہ کریں۔ تو بہ قبول ہو۔

(۱۳)

گنہہ کردی بگو کردیم اے دوست | کہ بعد از کار بداین تو بہ نیکوست
گنہہ کردن اگرچہ خوئے توگشت | ولے عفو گناہت ہم مرا خوست
توشب بر خاک رومی مال می نال | کہ آں نالیدنت داریم مادوست
نفس ہائے گنہہ گاران تائب | مرا خوشبو ترا از مشک خوشبوست
چو فضلِ ماست پشتی بانت اے پیر | چہ غم داری اگر پشتِ تو تو دوست
کسِ کزوے بتر نبوَد بعالم | مرا لاتقنطو در بارۂ اوست
بنعمت ہائے جنّت پروری مغز | ترا بر استخواں گر خشک شد پوست
چو رحماں بر تو نیکو ہست غم نیست | اگر شیطاں بدست دیا تو بدخوست

نمیر دماہیئے دل ہیچ ہرگز
زلالِ رحمتِ حق تا دریں جوست

(۱۳)

گنہ تو نے کیا کہہ ہاں ہوا ہے کہ توبہ کرنا ہے نیکوں کی خصلت
گنہ کرنا اگر فطرت ہے تیری گنہ کو بخشنا ہے میری عادت
تو شب بھر خاک پر سر رکھ کے رو دے کہ رونے والوں پہ ہوتی ہے رحمت
گنہ گاران تائب کے نفس سے مجھے تو مشک کی آتی ہے نکہت
کمر خم ہو کہ تو ہو ناتواں تر مگر کیا غم خدا کی ہو جو رحمت
نہ ہو دنیا میں نا اُمیّد کوئی مری لا تقنطو ہے عام رحمت
دماغی پرورش کر نعمتوں سے ہوا ہڈّی پہ چمڑہ خشک حالت
جو تجھ پہ مہرباں رحماں ہو کیا غم اگر شیطاں سے بھی ہو تیری نسبت

نہیں مرتا دلِ بیتاب مُحِبؔ
اگر پُر جوش ہو دریائے رحمت

بجہت امان پانے شیطان کے شر سے اور ظالموں سے روزانہ سات مرتبہ پڑھیں

(۱۴)

پیروی شیطاں بیک بارہ کند بس بیرہ است | پوستیں دادن بگازر کار مردی ابلہ است
گرچہ شیطاں زعفراں بسیار می دارد بملک | کے بریزد بیش حیوانی کہ قوت او کہ است
در صباح آں مرد دارد خوردہ باشد باگلہ | توبناہت در نمازِ شام بس کے آگہست
آں توئی اندر جوانی کلّہ خشک از غرور | وقت پیری خود خرف گشتی و پشت دوتہ است
کردی از مردن فراموشی کنی دائم گناہ | یاد مردن توبہ کردن در دلِ تو گہہ گہست
گفتہ اند گردی و مردی نیستی مردِ خدا | در رہِ دیں گرد گرد دہر کہ اُو مرد رہست
درروں گرنالہ زارست و زیردن نقش و نگار | لائق ایں گرستہ میداں کہ سر کہ باکہ اوست
شاہ در خرگاہ باشد تا بود خرگاہ شاہ | در خمے باشد در آں خرگاہ نبود خر گہست
مومنِ صادق چو آر پوست می آید بروں | واں منافق پیشہ مانندِ پیاز تہہ تہ است

محیؔ ہر کس درجہاں کردست کار اختیار
کارِ درویشاں بدرگاہِ خدا نشین اللہ است

(۱۴)

پیروی اکبار شیطاں کی کرے وہ ہے کنواں — پوستیں دھوبی کو دینا کب ہے کارِ زیرکاں

گرچہ شیطاں زعفراں رکھتا بہت ہے ملک میں — کب وہ حیوانوں کو دیتا ہے کہ کردیں وہ زیاں

جو بچا کر مردِ رکھے صبح کی خاطر غذا — تو نمازِ شام میں دیتا ہے بس اسکو اماں

نوجوانی میں تکبّر سے رہا پھولا ہوا — اور پیری میں ہوئی خم پیٹھ جیسے ہو کماں

موت کو تو بھول کر کرتا رہا ہر دم گناہ — بعد مُردن توبہ کرنے کی جگہ دل میں کہاں

کہتے ہیں مردِ خدا ہوتا نہیں ہر راہ گیر — راہ دیں پر جو چلا دنیا میں ہے وہ کامراں

باطناً ہو آہ و نالہ ظاہراً لب پر ہنسی — بھوک میں صابر رہے جو ہے وہی کامل جواں

شاہ خیمہ میں اگر ہو شاہ کا خیمہ ہے وہ — ہو اگر خیمہ میں گدھا کب وہ ہوگا حکمراں

مومنِ صادق اگر لائے چھپا کر کوئی شئے — تو منافق کو چھپی چیزوں کا ہوتا ہے گماں

محؔی اس دنیا میں ہر شخص کام کرتا ہے ضرور
کام درویشوں کا ہے شکر و رضا آہ و فغاں

واسطے دفع شر شیطان و ظالموں سے شر سے بچنے کے لئے سات مرتبہ روزانہ پڑھیں

۱۵

آہ درد آلود مردم جاں جانہا را بسوخت
[آہ درد آلود جانم جان جاناں را بسوخت]

سینۂ مجروح ہر مجنوں و شیدا را بسوخت
[سینۂ مجروح من مجنوں]

از جگرہائے کباب ایں آہ من زد آتشی
آہ زیں آہِ جگرسوزی کہ دلہا را بسوخت

با مدرس گفتم از سوزِ دلِ خود شمۂ
[تا بہ دشمن]
آتشی در جانش افتادہ سرپا را بسوخت

پیش یوسف گر ہمی روزے بگوئی اے عزیز
آتشِ عشقِ تو سرتا پا زلیخا را بسوخت
[عشقت سروپا]

نوبہاراں اشک ریزاں جانبِ صحرا شدم
آہ گرمم سبزہ ہائے کوہ و صحرا را بسوخت

محیؔ نادانست کاں یاراں بغفلت میزدند
[محیؔ نادانست کاں باداں بسختی میزدند]
خرقہ و تسبیح و مسواک و مصلیٰ را بسوخت

۴۸۶
۱۲

(۱۵)

آہ آتش بار سے دل آدمی کا جل گیا
اور سینے کی جلن سے ان کا شیدا جل گیا
آہ کے اس آگ سے دل ہو چکا جل کر کباب
آہ اے آہِ جگر سب کچھ ہمارا جل گیا
یوں مدرس سے کہا دل سوختہ مثلِ چراغ
آگ وہ جاں پر پڑی ہے کہ سراپا جل گیا
گر کسی دن تو ملے یوسف سے کہنا اے عزیز
عشق سے تیرے زلیخا کا سراپا جل گیا
جب بہاروں میں کبھی میں چشمِ تر صحرا گیا
میری آہِ گرم سے سب کوہ و صحرا جل گیا
اے محی انجان ہیں تجھ سے ترے یاراں خشک
خرقہ و تسبیح و مسواک و مصلا جل گیا

واسطے امان پانے شر شیطان اور ظالموں کے ہر روز سات بار پڑھیں

(۱۶)

با تو اے عاصی مرا صلح ہست ہرگز جنگ نیست — زانکہ غیر از غم ترا اندر دلِ دل تنگ نیست
روئے زردِ خود بما کن زانکہ بر درگاہ ما — ہیچ روئی تو بزردی زعفرانی رنگ نیست
در دلِ شبہا رسن در گردن افگن توبہ کن — بندہ را پیشِ خدا از توبہ کردن ننگ نیست
گر شراب و بنگ خوردی توبہ کن اللہ گو — یاد ما کن چوں دہانت پر شراب و بنگ نیست
ما بہ یٔ صارا بہ نیکوئی بدل خواہیم ساخت — کارِ ما با بندگانِ بد بجز ایں رنگ نیست
در دلِ سنگیں بدکاراں امیدِ فضلِ ماست — جائی جوہر ھائے سنگیں جز میان سنگ نیست
عاصیاں دارند نظر بر ما و ما بر عاصیاں — ما چو کردیم آشتی کس را مجالِ جنگ نیست
پشّۂ لنگی کہ بارِ او گراں افتادہ است — نی رود افتاں و خیزاں گرچہ پیش آہنگ نیست

نیک مردانِ جہاں گر جنگ در طاعت زنند
محیؔ مفلس بر ترا جز فضل حق در جنگ نیست

۷۸۶
۹۲

(۱۶)

تجھ سے اے عاصی مجھے ہے صلح ہرگز جنگ نہیں — جیسا تجھے ہے غم مرا دل تجھ سے میرا تنگ نہیں

زرد رُخ اپنا تو کر درگاہ کی جانب مری — دیکھ چہرے کا ترے اب زعفرانی رنگ نہیں

ڈال کر گردن میں رسّی شب کو دل سے توبہ کر — سامنے اللہ کے تو توبہ کرنا ننگ نہیں

گر شراب و بھنگ پی ہے توبہ کر اللہ کہہ — یاد کر اللہ کو جب تیرے مُنہ میں بھنگ نہیں

چاہتا ہوں مَیں بدی کو نیکیوں سے دوں بدل — کام بندوں کے بڑھا دینے کا میرا ڈھنگ نہیں

سنگ دل بدکار کو مجھ سے ہی ہے اُمّید فضل — جائے جوہر پارہ آخر درمیانِ سنگ نہیں

مجھ پہ عاصی کی نظر ہے اور مری اُس پر نظر — مَیں اگر بخشوں کسی کو پھر مجالِ جنگ نہیں

ایک لنگڑے پشتہ پہ ہے زندگی کا بھاری بوجھ — جا رہا ہے اُفتاں خیزاں اور کوئی آہنگ نہیں

نیک طینت کرتے ہیں گر زندگی ہمراہ چنگ
ہے خدا کا فضل مجھ پہ اور کسی سے ننگ نہیں

۷۸۶
۹۲

واسطے توفیق حق سبحانہ تعالیٰ ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

۱۷

پائے دل در کوئے عشقت تا بزانو در گلست
ہمتے دارید با من زانکہ کارِ مشکلست

من ندانم کیں دلِ دیوانہ را مقصود چیست
کو ہمیشہ سوئے سرگردانیِ من مائلست

فیل محمودی فرو ماند اگر بیند بخواب
بار سنگینی کہ از دردِ تو مارا بر دلست

اے دلِ آوارہ آخر چند می گوئی مگو
اندراں کوئے کہ پائے صد ہزاراں در گلست

ہمدمم آہست محرم غم در ایام شباب
وقت عیش و نوجوانی وہ چہ خوش با حاصلست

خود بخود گویم سخن صاچوں بگریم زار زار
محرمِ رازِ غریباں لابدا اشکِ سائلست

مخفیؔ ایں تو زندگانی گر گماں داری کہ تو
راہ حق رفتی یقیں میداں کہ فکرِ باطلست

(۱۷)

عشق کے کوچہ میں رکھنا ہے قدم اے دل اگر
مجھ سا ہمّت اس عمل کے واسطے درکار ہے

مَیں نجانوں کیا دلِ دیوانہ کو منظور ہے
کیوں پریشاں کر کے مجھکو در پہ آزار ہے

فیلِ محمودی ہو عاجز دیکھ لے گر خواب میں
تیری فرقت میں جو میرے دل پہ غم کا بار ہے

اے دلِ آوارہ کبتک شور و شر خاموش رہ
اِس گلی میں نقشِ پائے یار کا گلزار ہے

محرمِ غم میرا ہمدم بھی ہے وہ وقتِ شباب
کیا خوشی حاصل ہو جب دل میں الم کا خار ہے

خود بخود کرتا ہوں باتیں رُوتا ہوں کبھی زار زار
محرمِ رازِ غریباں آنسوؤں کا تار ہے

زندگی میں اے آثمؔ گر یہ یقین رکھتا ہے تو
تُو ہے راہِ حق پہ یہ تیرا گماں بیکار ہے

۴۸۶
۹۲

واسطے توبہ قبول ہونے ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

۱۸

گفتا کئے تو با ما گفتم کمیں غلامت
گفتا مگر تو مستی گفتم بلے ز جامت

گفتا چہ پیشہ داری گفتم کہ عشق بازی
گفتا کہ حالتت چیست گفتم غم و ملامت

گفتا کہ چیست حالت گفتم کہ حال شاکر
گفتا کجا فتادی گفتم میان دامت

گفتا زمن چہ خواہی گفتم کہ درد بیحد
گفتا کہ درد تا کے گفتم کہ تا قیامت

گفتا چہ می پرستی گفتم جمال رویت
گفتا چہ داری با من گفتم بسے ندامت

گفتا چہ گونہ بی من گفتم کہ نیم بسمل
گفتا چہ چیز داری گفتم ہمہ عزامت

گفتا چرا گدازی گفتم زبیم ہجرت
گفتا کہ با کہ سازی گفتم بیک ملامت

گفتا کہ کیست محیؔ گفتم ہمانکہ دانی
گفتا نشاں چہ داری گفتم کہ صد علامت

۴۸۶
۹۲

(۱۸)

پوچھا کہ کون ہے تو بولا کہ پیش خدمت
پوچھا کہ مست ہے تو بولا کہ ہے حقیقت
پوچھا کہ پیشہ کیا ہے بولا کہ عشق بازی
پوچھا کہ حال کیا ہے بولا غم و ملامت

پوچھا کہ حال کیا ہے بولا کہ میں ہوں شاکر
پوچھا مقام تیرا بولا مقام وحشت
پوچھا کہ حال کیا ہے بولا کہ درد بیحد
پوچھا کہ درد کب تک بولا کہ تا قیامت

پوچھا کسے ہے پوجا بولا جمال تیرا
پوچھا کہ لایا کیا ہے بولا غم و ندامت
پوچھا کہ کس طرح ہے بولا کہ نیم بسمل
پوچھا کہ کیا ہے رکھتا بولا کہ صبر و چاہت

پوچھا کہ وجہ گریہ بولا کہ ہے جو فرقت
پوچھا سفر کا ساماں بولا کہ تو سلامت
پوچھا ہے کون محی بولا کہ تو ہے آگاہ
پوچھا نشان کیا ہے بولا کہ تو علامت

۴۸۶
۹۲

یہ غزل عاشقی زدرس بیا آیا بر خود تشامد (درمیان میں)

واسطے حاصل کرنے عاقبت اُخروی ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

(۱۹)

غم مخور کہ عاقبت جائے تو صدرِ جنّت ست — روئے دل تو تا ابد سوئے رضائے حضرت ست

غم مخور کہ مرغِ جاں چوں بہ تنت ہمی پرد — منزلِ آشیانِ اُو مقصدِ صدق نیّت ست

غم مخور کہ ایں تنت چو لحد فرو رود — خاکِ تنِ تو تا بحشر غرقہ بآب رحمت ست

غم مخور کہ حق ترا از ہمہ خلق برگزید — ایں زجمال لطف اوست نیز زکمال حکمت ست

غم مخور کہ روز و شب سیصد و شصت لطف حق — در تو نظر ہمی کند ایں ہمہ از محبّت ست

غم مخور کہ ہر کجا تو کہ توئی خدائے تست — در طلبِ خدا ترا بندہ بگو چہ زحمت ست

غم مخور کہ عشق خود با گلِ تو ہم سرشت — عشقِ خدائے تو بتو ہمدمِ وصل خلقت ست

غم مخور کہ با تو ہست آنِ دگر بغیر تو — اُو نہ تو ہست و تو نہ اُو گفتنِ او برخصت ست

غم مخور کہ بے شراب مست و خراب گشتۂ — محتسبانِ شہر را گو کہ شراب جنّت ست

غم مخور کہ حق ترا بندۂ خویش خواندہ است

بندگی خدا ترا محی نشان دولت ست

(۱۹)

غم نہ کر کاشانہ تیرا آخری جنّت میں ہے
زندگانی تا ابد جب یار کی چاہت میں ہے

غم نہ کر یہ مرغِ جاں تیرے بدن سے جب اُڑے
آشیاں ہے گھر اُسی کا صدق گر نیّت میں ہے

غم نہ کر کہ جسم تیرا جب لحد میں جائے گا
تیری مٹّی حشر تک اب سایۂ رحمت میں ہے

غم نہ کر کہ ہر بشر سے ہے شرف انسان کو
ہے کرم اسکا نہ تیری کاوشِ خدمت میں ہے

غم نہ کر کہ لطفِ حق ہے تین سو اور ساٹھ بار
رات دن غلطاں و پیچاں وہ تیری الفت میں ہے

غم نہ کر کہ تو جہاں ہے تیرا مولا ہے وہاں
تجھ سے راضی ہے خدا کیوں فکر کی ظلمت میں ہے

غم نہ کر عشقِ خدا مٹّی میں تیرے ہے مِلا
اب خدا کے عشق کا جلوہ تری صورت میں ہے

غم نہ کر ہمراہ تیرے ہے خدائے پاک ذات
وہ نہ تُو ہے، تو نہ وہ کہتے ہیں وہ خلوت میں ہے

غم نہ کر بے مے پیئے پھرتا ہے تو مست و خراب
شہر کے قاضی سے کہہ صہبا مری جنّت میں ہے

غم نہ کر اب اے تجلّی محبوبِ حق تو ہو چکا
بندگی تیری نمایاں عشق کی رِفعت میں ہے

۴۸۶
۹۲

واسطے پانے شراب کوثر ۲۰ ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

مئے صافی طلب جاناں کہ دردِکش گرانخوارست
تو از ساقی نشانی گو کجا ایں جاہست بسیارست

ازیں سودائے عشق آخر سرت بر باد خواہی داد
سرت چوں میرود خواجہ چہ جائے فکرِ دستارست

زر کیسہ تر انقدی بروں می باید آوردن
چنیں کار آید از زرد ے شکستی کہ طرارست

چو در دکاں ہر مردِ منادی کرد شب گردی
کہ شب غافل مشو خواجہ عسس یاد از دہم یارست

چو سلطاں یار دزدِ شد بشارت دہ تو دزداں را
نہ دست و پائے می بیر نہ نے زنداں و نہ نے دارست

بشارت داد آں سلطاں مترسید اے تہید ستاں
کہ گنجِ رحمتِ رحماں نثارِ ہر گنہگارست

شب اندر خود کہ چوں سلطاں بجاسوسی ہمی گردد
کس واقف شود زیں سر کہ او شب گرد عیارست

بمحشر چوں شوی حاضر گناہت بود شد حاضر
مترسی زاں تو اے عاصی خداوندِ تو ستارست

چرا اے بندۂ غمگین چو از لطف و کرم آخر
ترا با عیب ہائے تو خدائے تو خریدارست

چو خود گوید کہ اے بندہ من آں سلطان بالطفم
کہ بر درگاہ من ہر گہ کہ می آئی ترا یارست

برخ گر زرد شد عاشق نہ یرقاں باشد و نی دق
طبیبِ عاشقاں داند کہ از بہر چہ بیمارست

شرابِ عشق چنداں خور کہ سر از پائے نہ شناسی
کہ بر مستان حضرت رازِ ہشیاری لبس عارست

شتر چوں مست میگردد دہانش از علف بندد
اگر مستِ خدائی تو چرا حرصِ تو با خارست

اگر مستی تو پا کوباں ہمی بری بیاباں را
اگر ہشیار می ترسی کہ راہِ کعبہ پر خوارست

ترا اگر حج بود سالِ و لے در کوئے یارِ ما
گذارد ہر زماں حجِ کسِ کو عاشقِ زارست

طوافِ کعبہ کن حاجی مرا بگذار در کوئش
کہ حجِ اکبرِ عاشق طوافِ کوئے دلدارست

شہیداں رانمی شوید شہیدِ دوں مشو محیؔ
کہ اندر مذہبِ رنداں کسِ کو مردِ مردارست

دے مئے صافی کہ اب دل درد سے بیزار ہے | دے پتہ اُس کا جو میرا مونس و غم خوار ہے

سر مرا برباد کرہی دے گا یہ سودا ترا | جب نہ ہو سر فکر پھر دستار کی بیکار ہے

جیب سے نقدی تجھے لینا ہے چالاکی کے ساتھ | جس طرح سے چور اپنے کام میں ہوشیار ہے

خود دکانوں پر منادی کرتا ہے وہ رات کو | جاگ کر رہنا، اُدھر پھر چور کا بھی یار ہے

بادشاہ چوروں کا جب ہو یار تو چوروں سے کہہ | دست و پا باندھیں نہ تیرا نہ سزا نہ دار ہے

شہ نے خوش خبری یہ دی اے مفلسو خائف نہ ہو | گنج رحمت اُس کی خاطر ہے جو عصیاں کار ہے

رات کو سلطان جب جاسوس بنکر خود پھرے | کون محرم راز ہو جب خود ہی وہ عیّار ہے

حشر میں تیرا گنہہ جب آئے تیرے سامنے | خوف اے عاصی نہ کر کہ رب ترا ستّار ہے

کس لئے غمگیں ہے تو جب تجھ پہ ہے لطفِ خدا | وہ گناہوں کی خریداری میں خود مختار ہے

خود وہ جب کہتا ہے اے بندہ سراپا رحم ہوں | جب کبھی تو آئے مری جانب تو میرا یار ہے

زرد ہو عاشق کا رُخ تو مرض یرقان ہے نہ دق | وہ طبیبِ عشق ہی جانے کہ کیوں بیمار ہے

پی شرابِ عشق اتنی خود سے ہو جا بے خبر | مست دیوانوں کو ہشیاری سے از حد عار ہے

اونٹ جب ہو مست مُنہ چارہ سے کر دیتے ہیں بند | تو خدا کا مست ہے دنیا سے پھر کیوں پیار ہے

مست ہو گر تو ہوا کے مثل طے صحرا کرے | ہوشیاری میں تجھے کعبہ کی رہ پُر خار ہے

سال میں اک حج تجھے، کوچہ میں میرے یار کے | ہر گھڑی ہوتا ہے حج اُسکا جو عاشق زار ہے

کر طوافِ کعبہ حاجی، بس ہے مجھ کو کوئے یار | عاشقوں کا حجِ اکبر کوچۂ دلدار ہے

غسل شہدا کو نہ دیں مجی شہیدِ دل نہ ہو
مذہبِ رندی میں ایسا آدمی مردار ہے

نایاب تحفہ

دیوان

پیران پیر دستگیر حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ

مع اردو منظوم ترجمہ

شائقین وعقیدت مند حضرات شہر کے کتب فروشوں سے

حاصل کریں

کتاب حاصل کرنے کے مخصوص پتے

عبدالقادر قادری فدائی - نیا بازار عیدگاہ روڈ - دھنباد

مکتبۃ الحبیب ۱۴۰ اترسوئیا - الہ آباد

انوار بک ڈپو ۹۹ لورچیت پور روڈ - کلکتہ ۱

واسطے حاصل کرنے صبر کے اور رد کرنے بلائے ناگہانی کے ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

(۲۱)

ہر چہ اُو سنگیں دلاں بر جان ما آید خوش ست

گر وفا آید خوش و گر ہم جفا آید خوش ست

بشنوم تا چند بوئے گل ز بادِ صبح دم

بوئے اُو گر ہمرہِ بادِ صبا آید خوش ست

راضیم از ہر چہ پیش آید بدردِ عشق تو

گر ہمہ بر جان من درد و بلا آید خوش ست

روز ابر ایں چنیں داری چو سر در کاسۂ

گر بجائے قطرہا سنگ از ہوا آید خوش ست

عشق زیبا می نماید محی ہر کس را کہ ہست

بوئے گل گر زانکہ از بادِ صبا آید خوش ست

(۲۱)

یار سنگیں بھی دل و جاں پر جو آجائے تو خوش

گر وفا آئے تو خوش ہو گر جفا آئے تو خوش

مَیں سنا کرتا ہوں اکثر بوئے گُل سے صبح دم

اُس کی بُو بادِ صبا کے ساتھ آجائے تو خوش

راضی ہوں جو درد بھی پیدا ہو تیرے عشق میں

گر مِری جاں پر بلاؤں پر بلا آئے تو خوش

جب بھی بارش ہوتی ہے رکھتا ہے کاسہ سَر پہ تُو

پھر بھی بوندوں کی جگہ پتھر برس جائے تو خوش

عشق مُحیِؔ زیب اُس دم آدمی کو دیتا ہے

بوئے گُل بادِ صبا کے ساتھ آجائے تو خوش

حاصل کرنے صبر کے اگر کوئی بلا میں مبتلا ہو۔ اور پریشان نہ ہو خداوند تعالیٰ سے رہائی طلب کرے۔

(۲۲)

ردیف ت میں ۹ غزل حرف سے
ہوئے وصل تو ہرگز ز جاں بخواہد رفت

آنکہ آتش افگند در خلق جانانِ منست
وآنکہ می سوزد ازاں رُولیش ہمیں جانِ منست

ما شدم دیوانہ بچشم قصرِ شہ ویرانہ است
کاسہ فیروزۂ از شاخِ ایوانِ منست

عشق ورزیدم نہاں اے وائے برمن کیں زماں
نقلِ ہر مجلس حدیثِ عشقِ پنہانِ منست

گر فلک خواہید سازد خانۂ مردم خراب
گو مکش زحمت کہ کارِ چشم گریانِ منست

آنچہ در دم بگذرد باشد شبِ وصلِ حبیب
وان چہ پایان ندارد روز ہجرانِ منست

مردمِ محی ایں سینہ پوشیدہ بہرِ ماتمش
ہر کجا ورقِ بود اوراق دیوانِ منست

۲۲

آتش افگن ہوتا ہے جب خلق میں جاناں مرا
اُس کی سوزش سے ہوا کرتا ہے مُنہ سوزاں مرا

مَیں ہوا دیوانہ جب، ویرانہ کاخِ شہ ہوا
شاخِ رنگیں بن گیا اک جام سے ایواں مرا

عشق سے وابستہ ہوں مَیں کیا کہے میری زباں
بہرِ مجلسِ شیریں ہے ذکرِ دلِ پنہاں مرا

یوں فلک چاہے تو کر دے آدمی کا گھر خراب
کام یہ کرتا ہے ورنہ دیدۂ گریاں مرا

یوں تو گھٹ سکتا ہے میرا درد بعد از وصلِ یار
انتہا رکھتا نہیں ورنہ غمِ ہجراں مرا

بہرِ ماتم ہے سیہ پوشاک تھی زیبِ تن
مِل کے اوراقِ پریشاں بن گیا دیواں مرا

ردیف (د) میں شروع کی ۱۴ غزلیں جن میں واسطے آسان ہونے عذاب قبر کے پچاس مرتبہ پڑھیں

(۲۳)

یارب آں ساعت کہ خلق از ما بیارد ہیچ یاد
رحمتِ خود کن قرینِ ما الیٰ یومُ تناد

نامۂ نیکاں شدہ بر طاعت آیا چوں کنم
نامہائے ما بداں چیزے ندارد جُز سواد

ایں چنیں کالائے پُر عیب کہ گردیدہ ماست
گر نبودش روز بازارش بنامت جُز کساد

عید شد عیدی برحمت در خداوندا جہاں
در تو نہ دہی از کہ جوید بندگانِ نامراد

رُو مکن یارب تو ما را چو لکہ بازارِ اَلست
عیب ہائے ما ہمہ دیدی و کردی نامراد

شب رَسَن در گردن اندازم بگریم زار زار
از غمِ عمرِ عزیزِ خود کہ بردادم بہ باد

این و آں از بس کہ بے اُو زندگانی می کنم
وقت مردن جاں نمی دانیم چوں خواہیم داد

آہ ازاں ساعت کہ عزرائیل قصدِ جاں کند
جان شیریں را بباید داد و لب نتواں کشاد

تا دمِ آخر چہ خواہد کرد با ما آہ آہ
اے خوشا وقتِ کسی کز مادرش ہرگز نزاد

نامہ می خواند و می گفتند کراماً کاتبین
در جمیع عمر ایں بندہ نیامد حرف یاد

پیش تا یوتم منادی کُن بگو ایں بندہ است
کو گنہ بسیار کردہ بر خدا کرد اعتماد

یارب آنکس را بیامرزی کہ بعد از مرگِ ما
روح ما را اُو بہ تکبیری کند گہ گاہ یاد

گر بخاکم بگذری یا بگُزرم بر خاطرت
ایں دعا می کن کہ یارب گورِ اُو پُر نور باد

رحم خواہد کرد بر من خواہد آمد زید نم
روئے زردِ خود بر خاکِ لحد خواہم نہاد

محیؔ گرچہ بس بدی کردہ ندارد نیکئی
لیک می دارد بجاں در حقِ نیکاں اعتماد

(۲۳)

اہلِ دنیا جب کریں گے مجھکو مرجانے پہ یاد
رحم کرنا مجھ پہ مولا آئے جب یومِ التناد

نامۂ اعمال نیکوں میں ہو، ہے اُسکا کرم
نام ہے میرا بدوں میں میں سراسر ہوں سواد

نامۂ اعمال و چہرہ زرد میں لے کر پھروں
گر نہ ہو اُس حشر کے دن نام میں میرے گشاد

اے خداوندِ جہاں تو دے خوشی رحمت کیساتھ
تیری بخشش گر نہ ہو ہر آدمی ہو نا مراد

رُخ مری جانب نہ کرنا یا الٰہی روزِ حشر
دیکھ کر عیبوں کو میرے تو نہ کردے نامراد

رات کو رسّی گلے میں ڈال کر روتا ہوں میں
عمر تیزی سے گذرتی جا رہی ہے مثلِ باد

این و آں میں زندگانی کر رہا ہوں میں تمام
وقتِ مردن کون جانے جاں پہ کیا آئے فساد

آہ وہ ساعت کہ عزرائیل لینے آئیں روح
لب کو جنبش تک نہ ہو اور جاں کو کہدے خیرباد

کیا کریگا تا دمِ آخر مرے ہمراہ آہ
مجھ کو جب پیدا کیا ہے دے مری حسرت کی داد

دیکھ کر اعمال بولے یہ کراماً کاتبیں
عمر بھر اس بندے نے ہرگز نہ کی خالق کو یاد

پیشِ میت یہ منادی کر کہ یہ بندہ ہے وہ
کی خطائیں بھی مگر رکھا خدا پر اعتماد

یارب اُسکو بخش دینا میرے مرجانیکے بعد
روح جسکی کرتی رہتی ہے مجھے ہر گاہ یاد

تو مجھے گر یاد کرلے یا تجھے میں آؤں یاد
یہ دعا کرنا خدایا گور اُو پر نور باد

رحم کرنا ہو تجھے تو بخش دینا بھی مجھے
جب لحد کے خاک پر رکھدوں میں چہرہ نامراد

محیؔ کرتا ہے بدی عادی ہے نیکی سے مگر
دل میں اُسکی یاد رکھتا ہے کرم پر اعتماد

واسطے آسان ہونے ہر مشکلوں کے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

درمیان میں دو غزل حرف
مطلع - باش تا وقت تماشہ جمال [illegible]

(۲۴۴)

تا ابد یارب زِ تو من لطف ہا دارم امید ‏ ‏ از تو گر امید برم از کجا دارم امید

زیستم عمرے بسِ چوں دشمناں دشمن مگیر ‏ ‏ بیوفائی کردہ ام از تو وفا دارم امید

ہم فقیرم ہم غریبم بیکس و بیمار زار ‏ ‏ یک قدح زاں شربتِ دارِ شفا دارم امید

ناامیدم از خود و از جملۂ خلقِ جہاں ‏ ‏ از ہمہ نومیدم امّا از تو می دارم امید

منتہائے کار تو دائم کہ آمرزیدن ست ‏ ‏ زاں کہ من از رحمتِ بے منتہا دارم امید

ہر کسے امید دارد از خدا او جز خدا ‏ ‏ لیک عمرے شد کہ از تو من ترا دارم امید

ہم تو دیدی من چہا کردم تو پوشیدی زِ لطف ‏ ‏ ہم تو می دانی کہ از تو من چہا دارم امید

ذرّہ ذرّہ چوں خدا گردانَدم خاکِ لحد ‏ ‏ بہر ہر ذرّہ زِ تو فضلِ خدا دارم امید

دم بدم بد گفتہ ام بد ماندہ ام بد کردہ ام ‏ ‏ با وجودِ ایں خطاہا من عطا دارم امید

روشنئ چشم من از گریہ کم شد اے حبیب ‏ ‏ ایں زماں از خاک کویت توتیا دارم امید

محی می گوید کہ خونِ من حبیبِ من بریخت
بعد ازیں کشتن از و من لطف ہا دارم امید

(۲۴)

حشر تک ہے لطف کا تجھسے مجھے مولا امید
تجھسے گر امید توڑوں کس سے ہو آقا امید

عمر بھر جب دشمنوں کو بھی نہیں کرتا گرفت
بے وفا ہوں پھر بھی ہے مجھکو ترا جلوہ امید

میں گدا بھی ہوں غریب و مفلس و بیمار ہوں
میری خاطر ہے ترا میخانۂ اولیٰ امید

ساری دنیا اور اپنی ذات سے ہوں ناامید
سب سے ناامید ہوں پر تجھسے ہے مولا امید

مالکِ ہر چیزِ کل ہے بخشنے والا ہے تو
میری خاطر رحمتِ کامل کا ہے صدقہ امید

کس سے سب امید رکھیں اے خدا تیرے سوا
عمر بھر رکھی ہے میں نے تجھسے اے آقا امید

دیکھ کر عیبوں کو بھی میرے چھپا دیتا ہے تو
جانتا ہے دل میں جو میرے ہے پوشیدہ امید

ذرہ ذرہ جب لحد کی خاک کا لوٹائے گا
فضل رب العالمیں سے ہو گا ہر ذرہ امید

ہر نفس بدکار ہوں بدگو بھی ہوں بدنام ہوں
پھر بھی تیری ذات سے ہے مجھے مولا امید

روشنی آنکھوں کی گریہ سے ہوئی کم اے حبیب
خاک تیرے کوچہ کی ہے مجھکو سرمہ سا امید

محیؔ کہتا ہے بہاتا ہے مرا محبوب خون
پھر بھی بخشش کیلئے تجھسے ہے سرتاپا امید

واسطے دفع ہونے ہر بلا کے و درد بدن ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

(۲۵)

زِ سر تا پا تنِ من گر ہمہ اندوہ و غم باشد
ہنوز از ایں چنیں دردِ کہ دارم از تو کم باشد

چگونہ سر بسائی بر فلک کز غایتِ عزّت
بہر جا پا تہی سر ھا ترا از زیرِ قدم باشد

غنیمت داں حضورِ درد و غم اے دل کہ دوراں را
وفائی نیست چندانی و صحبت مغتنم باشد

خوش ست از خوب رویاں گہہ جفا گاہے وفا لیکن
زِ من مہر و وفا از تو ہمہ جور و الم باشد

دمِ آب از سفالِ سگ بکوئے یار نوشیدن
مرا خوشتر بود زاں بادہ کاں در جامِ جم باشد

خلاصی گر زِ ہستی بایدت عاشق شو اے محیؔ
کہ اوّل کام در عشقِ پری رویاں عدم باشد

(۲۵)

مرا یہ جسم سرتاپا اگر اندوہ غم ہوگا
ترے غم کے سوا جو غم بھی ہوگا مجھکو کم ہوگا

فلک تک سر بلندی ہو کہ عزت حد سے بڑھ جائے
بہر صورت مرا یہ سر ترے زیرِ قدم ہوگا

نہ رکنے گی کبھی اک حال میں یہ گردشِ دوراں
تری صحبت کا جو لمحہ بھی ہوگا مغتنم ہوگا

حسینوں کیطرف سے لطف بھی گاہِ جفا بھی ہے
جفا بھی تیری جانب سے جو ہوگی وہ کرم ہوگا

پلائیں تیرے کوچہ میں جو پانی ظرف سگ رکھ کر
تو وہ جامِ سفالی میرے حق میں جامِ جم ہوگا

رہائی چاہتے ہو اِس جہاں سے اے محیؔ گر تم
حسینوں سے جدا ہونے کا یہ پہلا قدم ہوگا

۷۸۶
۹۲

مہربان ہونے حاکم و بادشاہ کے پانچ مرتبہ پڑھیں

(۲۶)

تعالیٰ اللہ چہ حسنت ایں کہ چوں برقعہ براندازد
اگر باشد دل از آہن کہ ہم چوں موم بگدازد

ہمہ خوبان بحسنِ خویش می نازند و ماہِ من
چناں باشد کہ حسنِ او بروئی خوب می نازد

بود رسمِ پری رویاں کہ با دیوانگاں نازند
شدن دیوانۂ آں تند خو با من نمی نازد

مکن اے مدّعی علیہم اگر نالم جدا از یار
کہ من در ہجر می سازم دلیکن دل نمی سازد

کجا پروا کند ہمچو نہ در عالم بود عاری
چناں مشغول یار ست او کہ با خود ہم نہ پردازد

سُبحان اللہ بُرقعہ سے جو حُسن اُن کا نکلتا ہے
تو لوہے کا جگر بھی موم کی صورت پگھلتا ہے

حسیں نازاں ہیں صورت پر مگر وہ ماہ رو میرا
کبھی جب سامنے آیا چراغِ حُسن جلتا ہے

حسینوں کی ہے عادت عاشقوں سے ناز کرتے ہیں
مَیں اُسکو چاہتا ہوں ناز کرنا جس کو کھلتا ہے

نہ کر مطعون مجھ کو مدّعی فرقت میں رونے سے
مجھے تو ہجر میں ہے صبر، دِل لیکن مچلتا ہے

محی بدنام ہونے کی نہیں پرواہ دنیا میں
اُسے کیا فکر ہو جو راہ یہ الفت کی چلتا ہے

۷۸۶
۹۲

سختی کی حالت میں رُخ دوسری جانب نہ ہونے کیلئے روزانہ سات بار پڑھیں

(۲۷)

کسی کو یار خود دارد چرا بر دیگری بیند

حرامش باد عشق آنکس کہ ہم بر دیگری بیند

ازیں آتش کہ من دارم زِ شوقِ او عجب نبود

کہ آں مہہ چوں ببالیں آیدم خاکستری بیند

ہمہ عالم از تابِ مہر سوزندہ شدہ عمرے

کہ مہر از اشک تو سوزد کہ از خود بہتری بیند

اگر عاشق زِدل نالد زِگریہ نیست پروایش

اگر بر جائے ہر مو برتنِ خود نشتری بیند

نہ کرد آں ناں مسلماں ہیچ گہہ رحمی دمیدانم

کہ برمن سوزشِ دل گر سوئے من کافری بیند

خوش آں ساعت کہ در کوئے بتاں مجی رود سرخوش

بدستی شیشہ در دستِ پُر از مے ساغری بیند

(۲۷)

جو تم کو دل میں رکھتا ہے وہ کیوں سوئے دگر دیکھے
حرام ایسی محبّت، غیر کی جانب اگر دیکھے

مرے دل میں جو سوزش ہے عجب کیا وہ بھی رکھتا ہو
وہ چاند آئے جو بالیں پر تو مجھ کو خاک پر دیکھے

ترے سورج سے اک مدّت ہوئی جلتے دو عالم کو
جلے سورج جو اشکوں سے ترے وہ خوب تر دیکھے

اگر روتا ہے عاشق دل سے، تو کس کو خبر ہوگی
اگر احساس ہو ہر موئے تن برقِ شرر دیکھے

نہیں کرتا کبھی وہ رحم اب ایسے مسلماں پر
جلا کر دل جو غیروں کا بہ اندازِ دگر دیکھے

حسینوں کی گلی میں جب بھی جاتا ہے محیؔ شاداں
تو اپنے آپ کو ساغر بکف مے خوار تر دیکھے

۷۸۶
۹۲

رفع ہونے حاسدوں کے شر سے ہر روز سات مرتبہ پڑھیں

(۲۸)

من نمی گویم کہ جورِ روزگارم می کشد
طعنۂ بدخواہ وبے رحمیٔ یارم می کشد

دور از روئے طاقتی باشد کہ روزِ چند یار
محنت و دردی و داغِ انتظارم می کشد

من نہانے عشق مے ورزم بہ اُوآں تند خو
از برائے بعرتی خلق آشکارم می کشد

گر روم در کوچۂ بازیچۂ طفلاں شوم
در نشینم گوشۂ فکرِ تو زارم می کشد

شب گذارم در خیالت روزگارم چوں شود
روز فکرم نالۂ شب ہائے طارم می کشد

شوق دیدارت مرا می کُشت زیں بیش کنوں
آرزوئے بوسہ امیدِ کنارم می کشد

می کشد زحمت طبیبی غافل ست از اینکہ اُو
ہم چو تحی سوزشِ جانِ فگارم می کشد

۷۸۶
۹۲

(۲۸)

میں نہیں کہتا اٹھاتا ہوں زمانے کے ستم
طعنۂ بدخواہ سہتا ہوں ترا بھرتا ہوں دم

اُس سے دوری جب ہوئی ناطاقتی میں چند بار
راہ تکتا ہوں ترا دل میں لئے رنج والم

چھپ کے پیتا ہوں شرابِ عشق اور وہ تند خو
عبرتِ دنیا کی خاطر کھول دیتا ہے بھرم

جب گلی میں جاتا ہوں بن جاتا ہوں لڑکوں کا کھیل
گر کہیں تنہا جو بیٹھوں اور بڑھ جاتا ہے غم

رات تیری فکر میں گذرے تو میرا کام ہو
دن کو نالہ رات کو تاریکئ شب کا ہے غم

شوق تیری دید کا جب دل دُکھاتا ہے مرا
آرزوئے وصل مجھ کو کھینچتی ہے دم بدم

زحمتِ درماں اُٹھانا ہے غلط غافل طبیب
[illegible]

محنت دنیا سے آرام پانے کیلئے و مہرباں ہونے حاکم کے روزانہ سات مرتبہ پڑھیں

درمیان میں اسکے بعد اگر حرف
مرا سود ئے جمہور یاں زمہر بیروں بخو سیدہ کردہ

(۲۹)

روزنے بجز زخم تیرش در سرائے تن مباد
غیر داغِ حسرتِ تا بام آں روزن مباد

عاشقِ روئے بتاں یارب مباد ا ہیچ کس
در کسِ عاشق شَوَد یار ایں بتانِ من مباد

کردہ از تیغِ جفا ہر لحظہ چاکی در دلم
آنکہ از خارِیش ہرگز چاک در دامن مباد

جنّتِ عاشق چو باشد بعد مردن کوئے یار
مرغ جانم را بجز آں دیوار و در مسکن مباد

مہر و مہ را روشنی از پرتوئے رخسار تست
بے رُخت ہرگز چراغِ مہر و مہ روشن مباد

آرزو دارم کہ در عشقت تنِ بیمار من
خالی از افغان و زاری فارغ از شیون مباد

تاج شاہی چوں شَوَد با خاک یکساں عاقبت
افسرِ محی بجز خاکسترِ گلخن مباد

۷۸۶
۹۲

(۲۹)

کیوں نہ اُس کے تیر سے زخمی ہمارا تن نہو
داغ حسرت کے سوا دِل میں کوئی روزن نہو

اِن بتوں کے حُسن پر عاشق نہ ہو یارب کوئی
